نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق
موجودہ اور مجوزہ اقدامات

محکمہ داخلہ امور

محکمہ داخلہ امور ("HAD") کا ایک اہم کردار حکومت اور عوام کے ممبران کے مابین مواصلات کو بڑھانا ہے۔ اس سلسلے میں، HAD نے پالیسیوں کو تیار کرنے میں حکومت کی مدد کرنے اور اضلاع میں مختلف محکموں کے کام کو مربوط کرنے کے مقصد سے کمیونٹی کی خواہشات کو سمجھنے اور ان کی عکاسی کرنے کی کوشش کی ہے۔

HAD مختلف نسلوں کے افراد کو محکمہ کی طرف سے فراہم کردہ سرکاری معلومات اور خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے قابل بنانے کو بہت اہمیت دیتی ہے۔ نسلی مساوات کو فروغ دینے اور مختلف نسلوں کے افراد کے لیے ہماری کمیونٹی خدمات تک مساوی رسائی کے اقدامات لاگو ہیں۔

A. پبلک انکوائری سروس/عوامی استفسارات کی خدمت

متعلقہ خدمات

- عوام 18 ضلعی دفاتر میں امور داخلہ انکوائری سینٹروں ("انکوائری سینٹر") سے سرکاری خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ بغیر کسی نسلی تفریق کے ہر شخص کو عوامی استفسارات کی خدمت تک رسائی حاصل ہو، لسانی رکاوٹوں کو دور کرنے کے اقدامات کیے گئے ہیں -

موجودہ اقدامات

- انکوائری سینٹروں میں مختلف نسلوں کی زبانوں میں معلوماتی کتابچے اور اطلاع نامے رکھے جائیں گے اور انہیں نمایاں طور پر آویزاں کیا جائے گا۔
- مختلف نسلوں کے سروس صارفین ڈیوٹی وکیل سروس کے زیر انتظام مفت لیگل ایڈوائس اسکیم کے تحت مفت قانونی مشورے حاصل کرنے کے لیے ترجمانی کی خدمت کا انتظام جہاں ضروری اور مناسب ہوا کیا جائے گا۔

مستقبل کے کاموں کا جائزہ

- خدمات میں بہتری لانے کے لیے مختلف نسل کے صارفین کی تجاویز کو ریکارڈ کیا جائے گا اور ان پر غور کیا جائے گا۔
- مختلف نسلوں کے سروس صارفین سے جائزہ لینے اور بہتری کے لیے ترجمانی سروس کی افادیت پر آراء جمع کی جائیں گی۔

B. نجی استعمال کے لیے اعلامیہ/ بیا ن حلفی

متعلقہ خدمات

- عوام کے افراد ہانگ کانگ کے خدمت مراکز میں نجی استعمال کے لیے مہیا کردہ دو سرکاری زبانوں (چینی یا انگریزی) میں سے کسی ایک میں مفت اعلامیہ/ بیان حلفی کی خدمت کا استعمال کر سکتے ہیں (ان میں بیان حلفی کی جگہ تصدیق نامہ بھی شامل ہے)۔

موجودہ اقدامات

- اگر ان خدمات سے مستفید ہونے والے مختلف نسل کے افراد سرکاری زبان سے واقف نہیں ہیں تو ان کے لیے انکوائری سینٹر کا عملہ ترجمانی کی خدمات فراہم

کرے گا۔

- مختلف نسل کے افراد کے لیے اعلامیہ/ بیان حلفی کے بارے میں مختلف زبانوں میں معلوماتی اطلاع نامے انکوائری سینٹر میں مہیا کیے جائیں گے اور انہیں نمایاں طور پر آویزاں کیا جائے گا۔

مستقبل کے کاموں کا جائزہ

- انکوائری سینٹر کا عملہ ایک سروے کے ذریعہ ان خدمات سے مستفید ہونے والے مختلف نسل کے صارفین کے خیالات کا اندازہ حاصل کرے گا تاکہ ان کی ضرورتوں کو بہتر طور پر سمجھا جائے اور ان میں ضروری اور مناسب بہتری پیدا کی جائے۔

C. ایسٹیٹ کے مستفیدین کے لیے معاون خدمات

متعلقہ خدمات

- HAD کا اسٹیٹ سے فائدہ اٹھانے والوں کے لیے سپورٹ یونٹ ("EBSU") 11 فروری 2006 کو یا اس کے بعد فوت ہونے والے شخص کی ایسٹیٹ کے مستفیدین کے لیے امدادی خدمات فراہم کرتا ہے جو پروبیٹ اینڈ ایڈمنسٹریشن آرڈیننس (کیپ 10) کی دفعات B60، C60، D60، E60، F60، G60 اور K60 میں بیان کیا گیا ہے، جس میں بنیادی طور پر 50،000 ہانگ کانگ ڈالر سے زیادہ نہ ہونے والی چھوٹی ایسٹیٹ کے انتظام کے لیے **تصدیقی نوٹس** جاری کرنا اور **بینک ڈپازٹ باکس کے معائنہ کی ضرورت کا سرٹیفکیٹ** شامل ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ایسٹیٹ کے مستفیدین کی عوامی انکوائری کی خدمات تک رسائی بغیر کسی نسلی تفریق کے ہر شخص کو حاصل ہو لسانی رکاوٹوں کو دور کرنے کے اقدامات کئے گئے ہیں -

موجودہ اقدامات

- ترجمانی سروس کا انتظام مختلف نسلوں کے خدمت کے متلاشیوں کے لیے کیا جائے گا جو سرکاری زبانوں سے واقف نہیں۔

مستقبل کے کاموں کا جائزہ

- خدمات میں بہتری لانے کے لیے مختلف نسل کے صارفین کی تجاویز کو ریکارڈ کیا جائے گا اور ان پر غور کیا جائے گا۔
- EBSU کا عملہ ایک سروے کے ذریعہ ان خدمات سے مستفید ہونے والے مختلف نسل کے صارفین کے خیالات کا اندازہ حاصل کرے گا تاکہ ان کی ضرورتوں کو بہتر طور پر سمجھا جائے اور ان میں ضروری اور مناسب بہتری پیدا کی جائے۔

کیے جانے والے اضافی اقدامات

- EBSU کے سروس کاؤنٹروں میں مختلف نسلوں کی زبانوں میں معلوماتی کتابچے اور اطلاع نامے رکھے جائیں گے اور انہیں نمایاں طور پر آویزاں کیا جائے گا۔

D. عملے کے لیے تربیت

متعلقہ خدمات

- نسلی حساسیت کے بارے میں HAD کے عملے کی آگاہی اور نسلی امتیاز کے

آرڈیننس کے بارے میں ان کی سمجھ کو بڑھانا۔

موجودہ اقدامات	•	HAD کے عملے کو تربیت فراہم کرنے کے لیے HAD مساوی مواقع کمیشن، سول سروس کالج یا متعلقہ غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ کام جاری رکھے گا۔
مستقبل کے کاموں کا جائزہ	•	تربیتی مواد کے مندرجات کو بہتر بنانے کے مقصد کے لیے عملے کی رائے حاصل کی جائے گی۔

E. استفسارات

نسلی مساوات کو فروغ دینے سے متعلق HAD کے موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں استفسارات

- پبلک انکوائری سروس اور ذاتی استعمال کے لیے اعلامیہ/بیا ن حلفی کی انتظامیہ

نام: مس کیٹی لیونگ
پوسٹ: ایگزیکٹو آفیسر (پبلک انکوائری سروس)
ٹیلیفون نمبر: 2835 2500
فیکس نمبر: 2834 3377
ای میل: hadgen@had.gov.hk
ڈاک کا پتہ : 29/ F , Southorn Centre, 130 Hennessy Road, Wan Chai, Hong Kong

- اسٹیٹ کے مستفیدین کے لیے معاون خدمات

نام : مس ایلسی وان
پوسٹ : سینئر کلیریکل آفیسر (اسٹیٹ بینیفیشری) 2
ٹیلیفون نمبر: 2835 1535
فیکس نمبر : 2122 9497
ای میل : ebsu@had.gov.hk
ڈاک کا پتہ : 3/ F, Southorn Centre, 130 Hennessy Road, Wan Chai, Hong

محکمہ داخلہ امور
مئی 2024